© rasailojaraid.com



الحق کے خصوصی وقائع نگاروں کے قلم سے

# اسلامیانِ عالم ــــــ وقائع واخبار

**محاذِ جہادِ افغانستان سے حقانی فضلاء کا مراسلہ** بعد از رخصتی دار العلوم حقانیہ بہ صوبہ غزنی رفتم۔ در صوبہ غزنی امیر مجاہدین مولانا معراج الدین فاضل دار العلوم حقانیہ بود یک بار مجاہدین در کمان او بہ فوج شوروی حملہ کرد ٹینک تباہ شد و یانزدہ صد روسی فوجیاں ہلاک۔ دیگر بار حملہ کرد دو عدد جہاز تباہ شد و چہار ٹینک۔ و دو نیم صد فوجی ہلاک دیگر بار در حملہ مجاہدین نو ٹینک تباہ شد بہ فضلِ خداوند تعالیٰ۔ دعائے خیر بہ ہیئت اجتماع در بارۂ مجاہدین افغانستان بکنید۔ (مولانا عبد الستار قندہاری محاذ جنگ سے)

**تھائی لینڈ** افغانستان میں مداخلت پر تھائی لینڈ کے مسلمانوں نے بنکاک میں عظیم جلوس نکالا۔ روسی سفارت خانہ کے سامنے پرامن احتجاج کیا۔ مظاہرین نے سفارت خانہ کی گراونڈ میں مغرب کی باجماعت نماز ادا کی اجتماع سے متعدد مقررین نے خطاب کیا جس میں تھائی لینڈ کی قومی اسمبلی کے ممبر جناب حسین صاحب وغیرہ بھی شامل تھے اور افغانستان کے تین طلبہ اور خواتین کالج کے مسلمان طلبہ و اساتذہ نے بھی خطاب کیا روسی سفیر کو تحریری یادداشت دی گئی۔ یہاں کے اخبار کے مطابق ملائشیا اور جاپان میں بھی ایسے مظاہرے ہوئے۔ تھائی لینڈ میں ۵، ۷ لاکھ مسلمان آباد ہیں متعدد تنظیموں نے مظاہروں کا انتظام کیا۔ یہاں کے مسلمانوں میں بیداری کی ایک لہر دوڑ رہی ہے۔
(خلیل اللہ صاحب۔ تھائی لینڈ۔ بنکاک)

**ہانگ کانگ** اس دور پر فتن اور دیار شر میں جہاں لادینیت اور مادہ پرستی کا سراب دلوں اور دماغوں کو حقانیت سے دور لے جا رہا ہو، ان کے مداوا کیلئے الحق جیسے رسائل اور دیگر لٹریچر کی اشاعت علاج اور شفا کا نکلش ہے۔ یہاں ایک اخبار مسلم ہیرالڈ کے نام سے بھی اس مقصد کیلئے جاری کیا گیا ہے جسکی کاپیاں ارسال ہیں یہ پرچہ ایک عرصہ سے باقاعدگی سے یہاں چھپ رہا ہے۔ یہاں کے عام ذرائع ابلاغ نے عالم اسلام بالخصوص پاکستان، ایران، افغانستان کے اندر اسلامی تبدیلیوں کے بارہ میں ہر ممکن غلط فہمی پیدا کرتے رہتے ہیں اس کا ازالہ ہم "مسلم ہیرالڈ" کی اشاعت اور مفت تقسیم کی صورت میں کرتے رہتے ہیں۔ (محمد مسکین وحق نواز۔ ہانگ کانگ)

**بنگلہ دیش** سلہٹ کی نئی سڑک جامع مسجد میں مفکر اسلام مولانا مفتی محمود صاحب کی یاد میں ایک عظیم تعزیتی جلسہ ہوا ملک بھر سے سینکڑوں علماء ہزاروں عقیدتمندوں نے شرکت کی، دس بجے سے ظہر تک ختم بخاری شریف کرایا گیا۔ مولانا ریاست علی صاحب شیخ الحدیث کی صدارت میں مولانا حافظ عبد الکریم مولانا حبیب الرحمان مولانا اشرف علی صاحب۔ مولانا شفیق الرحمان۔ مولانا وارث الدین وغیرہ نے تقاریر میں مرحوم کو خراج تحسین پیش کیا۔ اور دعائے مغفرت کی گئی۔ (حبیب الرحمان۔ قاضی بازار سلہٹ)

٭٭٭٭



© rasailojaraid.com